ilmkidunya

علم کی دنیا

Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 12 Short Questions Test

Q1. مبادلہ کے کنٹرول کے طریقہ التوائے ادائیگی کی منتقلی سے کیا مرا دہے.

Ans 1: اس طریقے میں حکومت غیر ملکی ادائیگیوں کوملکی کرنسی کے تحت کرنے کی ہدایات جاری کرتی ہے. یعنی غیر ملکی قرض خواہاں کو اپنے سرمایہ کو ملک میں استعمال کرنے کا بھرپور حق اور موقع دیا جاتا ہے.

Q2. مبادلہ خارجہ پر کنٹرول کی تعریف.

Ans 1: زرمبادلہ کے کنٹرول سے مراد وہ اقدامات ہیں جو کسی ملک کی حکومت کرنسی کی شرح مبادلہ پر اثر انداز ہونے اور زر مبادلہ کی حرکت کو کنٹرول کرنے کے لیے اختیار کرتی ہے.

Q3. مبادلہ پر کنٹرول کے مقاصد بیان کریں.

Ans 1: توازن ادائیگی کی اصلاح - ملکی صنعتوں کا تحفظ - شرح مبادلہ کا استحکام - معاشی منصوبہ بندی - زرمبادلہ کے زخائر - انتقال سرمایہ کی روک تھام-

---

Q4. شرح مبادلہ کی تعریف کریں.

Ans 1: شرح مبادلہ سے مراد ممالک کی کرنسیوں کے لین دین کی نسبت ہے یعنی کسی ایک ملک کی کرنسی کی قیمت کو کسی دوسرے ملک کی کرنسی کی قیمت کے لحاظ سے شرح مبادلہ کہتے ہیں.

Q5. مبادلہ خارجہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: وہ زرائع اور طریقے جن کی مدد سے ایک ملک کی کرنسی کے حقوق کسی دوسرے ملک کی کرنسی کے حقوق میں ظاہر کئے جائیں.

Q6. طلائی زر کے معیار کے تحت شرح مبادلہ کا تعین کس طرح ہوتا ہے.

Ans 1: طلائی زر کے معیار کے تحت شرح مبادلہ کا تعین اس نقطہ پر ہوگا جس پر دو مختلف ممالک کے سکوں میں موجود سونے کی مقدار برابر ہوگی.

Q7. سرمائے کی حرکت کس طرح شرح مبادلہ پر اثر انداز ہوتی ہے.

Ans 1: کسی ملک میں سرمائے کی حرکت بھی اس کی شرح مبادلہ پر اپنا اثر چھوڑتی ہے اگر کسی ملک میں بیرونی سرمایہ آرہا ہے. ہوتو شرح مبادلہ اس ملک حق میں ہوتی ہے اور اگر ملک کا سرمایہ باہر جارہ ہوتو شرح مبادلہ کے خلاف ہوتی ہے.

Q8. کرنسی کی شرح مبادلہ کا تعین کن طریقوں سے کیا جاتا ہے.

Ans 1: کرنسی کی شرح مبادلہ کا تعین مندرجہ زیل دو نظاموں کے تحت کیا جاتاہے. طلائی معیار زر کے تحت - غیر بدل پذیر کاغزی زر کے تحت

Q9. غیر ملکی ادائیگی کے طریقے کون کون سے ہیں.

Ans 1: لیٹر آف کریڈٹ - غیر ملکی ہنڈی - غیر ملکی بنک ڈرافٹ - منتقلی بذریعہ ڈاک - ٹیلی گراف - ٹریولز چیک - انٹرنیشنل منی آرڈر - فارن ایکسچینج ڈیلرز

Q10. شرح مبادلہ کی اقسام کے نام.

Ans 1: سپاٹ ریٹ - فارورڈ ریٹ - خریداری - انٹر بنک ریٹ - سرکاری ریٹ